پریس ریلیز

گوجرانوالہ 18 مارچ 2023ء

احسن اقبال وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وخصوصی اقدامات نے کہا کہ کینسر جیسے موذی مرض کے خاتمہ کیلئے نارووال میں ڈائیگناسٹک سنٹر نارووال پاکستان اٹانومک کمیشن کا افتتاح کر دیا ہے اس اہم ادارے کا مقصد نارووال اور گردونواح کے لوگ کینسر کی تشخیص، علاج اور آگاہی سے مستفید ہو سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اٹانومک کمیشن ادارے کی مدد سے گوجرانوالہ میں (جینم) کینسر ہسپتال بڑی کامیابی سے اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نارووال میں ڈائیگناسٹک سنٹر نارووال پاکستان اٹانومک کمیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر نائب صدر چیمبر آف کامرس عادل ندیم، سابق صدر خواجہ ضرار کلیم، سابق سینئر نائب صدر محمد اجمل اعوان، سلمان قادر پھلروان نے گوجرانوالہ جینم کینسر ہسپتال کی نمائندگی کی۔ تقریب میں مختلف ماہر امراض کے ڈاکٹرز اور پروفیسرز بھی موجود تھے۔

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وخصوصی اقدامات نے کہا کہ اس سنٹر میں مرض کی تشخیص کیلئے جدید ٹیسٹ لیبارٹریز، علاج کیلئے مشینری اور آؤٹ ڈور کی سہولتیں میسر ہیں۔ انہوں نے کہا کینسر ایک قابل علاج مرض ہے اس سے گھبرانے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں تاہم میڈیکل چیک اپ، بیلنس خوراک، ورزش، سبزیوں کا زیادہ استعمال اور موٹاپے سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کر کے اس مرض کو روکا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ہسپتال کے قیام کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور شرکاء پر زور دیا کہ وہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ غریب مستحق مریضوں کا بروقت علاج کر کے ان کی زندگیوں کو بچایا جاسکے۔